یو بی ایل ایڈریس

اکثر پوچھے جانے والے سوالات

یو بی ایل ایڈریس لون پر مارک اپ ریٹ کتنا ہے؟

مارک اپ ریٹ کی شرح KIBOR کے ساتھ 1 سال کے لیے منسلک ہوتی ہے؛ تاہم، جب KIBOR کی شرح ہر ماہ اپ ڈیٹ ہوتی ہے تو ریٹس تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔

جائیداد کی کم از کم ویلیو (قیمت) کیا ہونی چاہیے؟

جائیداد کی کم از کم ویلیو 1,000,000/- روپے ہونی چاہیے۔

کیا میں کمرشل جائیداد کے عوض یو بی ایل ایڈریس قرض حاصل کر سکتا ہوں؟

یو بی ایل ایڈریس قرض صرف رہائشی جائیداد کے لیے ہے

یو بی ایل ایڈریس قرض کی میری درخواست کتنے دنوں میں منظور ہوگی؟

اگر مطلوبہ تمام دستاویزات درست ہیں تو، یو بی ایل ایڈریس قرض 45 یوم کار کے اندر فراہم کر دیا جائے گا

میں اپنی جائیداد کی انشورنس کیسے کرا سکتا ہوں؟

یو بی ایل اپنے صارفین کی جائیداد کو بلا معاوضہ انشورنس فراہم کرتا ہے

اپنی لوکیشن کی بنیاد پر، یہ کیسے تعین کروں گا کہ میں یو بی ایل ایڈریس کے لیے اہل ہوں؟

یو بی ایل ایڈریس کے متعلق اپنی اہلیت معلوم کرنے کے لیے، براہ کرم اپنی قریبی برانچ سے رابطہ کریں۔

ماہانہ ادائیگی کے طریقے کون کون سے ہیں؟

دوبارہ ادائیگی کے طریقہ کار میں براہ راست ڈیبٹ* ، ڈراپ باکس سہولت، فون بینکنگ، انٹرنیٹ بینکنگ اور نقد ادائیگی شامل ہے۔

*ماہانہ ادائیگی کا یہ طریقہ کار صرف ان صارفین کے لیے دستیاب ہے جن کے اکاؤنٹ یو بی ایل میں ہیں۔

قرض کی مدت کتنی ہے؟

قرض کی مدت کا انحصار آپ کی پسند کردہ لون سہولت پر ہے لون کی مدت 3 سے 20 سال تک ہے۔

کیا میں اپنا موجودہ گھر کا قرض یو بی ایل ایڈریس میں منتقل کر سکتا ہے؟

ہماری "بیلنس ٹرانسفر سہولت" سے کسی بھی دوسرے بینک یا مالیاتی ادارہ سے لیا گیا اپنے موجودہ گھر کے قرض کو یو بی ایل ایڈریس میں منتقل کیا جا سکتا ہے۔

قرض پر مارک اپ کے علاوہ، کیا دیگر چارجز بھی ہیں جو مجھے ادا کرنے ہوں گے؟

ہاں، درخواست کی پراسسنگ فیس، اپریزل، قانونی اور آمدنی کے تخمینہ کے لیے برائے نام چارجز ہیں۔

جزوی ادائیگی سے کیا مراد ہے؟

جزوی ادائیگیاں وہ ادائیگیاں ہوتی ہیں جو صارف کی ماہانہ انسٹال منٹ سے زیادہ اور بالا ہوتی ہیں۔ اگر ایک صارف اپنی ماہانہ انسٹال منٹ کے علاوہ دوبارہ ادائیگی کرنا چاہتا ہے تو، وہ یہ ایک سال میں 1 دفعہ اور 5 سالہ مدت کے دوران 3 دفعہ کر سکتا ہے۔

کیا مارک اپ ادائیگیوں پر ٹیکس میں چھوٹ مل سکتی ہے؟

ہاں، آپ سال کے دوران اپنا ادا شدہ مارک اپ کے عوض ٹیکس کی چھوٹ کا کلیم (دعوی) کر سکتے ہو۔

اکاؤنٹس کی اسٹیٹمنٹ کب جاری کی جاتی ہیں؟

پرنسپل ری۔ پے منٹ، آوٹ اسٹینڈنگ بیلنس، یو بی ایل مارک اپ اور پینلٹی (اگر کوئی ہے) کی تفصیلات پر مشتمل اکاؤنٹس کی ایک جامع اسٹیٹمنٹ سال میں دو دفعہ جاری کی جاتی ہے۔

کیا غیر رہائشی اوورسیز پاکستانی یو بی ایل ایڈریس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؟

متحدہ عرب امارات سے وہ پاکستانیز جو کارآمد قومی شناختی کارڈ برائے سمندر پار پاکستانیز (NICOP) کے حامل ہیں صرف وہی درخواست دے سکتے ہیں

خریدنے سے پہلے جائیداد کے دستاویزات کی کیسے تصدیق کی جاتی ہے؟

لون ڈسبرسمنٹ سے پہلے اور بعد میں یو بی ایل کے وکیل کے ذریعہ جائیداد کے دستاویزات کی تصدیق کی جاتی ہے۔ براہ کرم قانونی چارجز کے لیے شیڈول چارجز ملاحظہ کریں (شیڈول آف چارجز (ایس او سی) درج ذیل لنک پر دستیاب ہیں:(https://ubldigital.com/More/ScheduleofCharges)